**کل نمبر:25** | **اُردو (پنجم) ٹیسٹ نمبر 1** | **وقت:25 منٹ**

| | | |
|---|---|---|
| دوسرا مہینا، پہلا ہفتہ، چھٹا دن | **سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (پہلا ہفتہ) | |

## حصہ اوّل

**سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** **(12)**

**1۔ ''باب'' کا مترادف ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | دروازہ | (ب) | کھڑکی | (ج) | میز | (د) | کرسی |

**2۔ ہنہ، سیف الملوک اور چھوٹا گلہ نام ہیں:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | آب شاروں کے | (ب) | جھیلوں کے | (ج) | ندیوں کے | (د) | چشموں کے |

**3۔ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا بڑا صوبہ ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | بلوچستان | (ب) | پنجاب | (ج) | خیبر پختون خوا | (د) | سِندھ |

**4۔ پھلوں کی وادی کس شہر کو کہتے ہیں؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | کراچی کو | (ب) | کوئٹہ کو | (ج) | سکردو کو | (د) | ملتان کو |

**5۔ بے معنی لفظ کہلاتا ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | کلمہ | (ب) | مرکب | (ج) | استعارہ | (د) | مہمل |

**6۔ دُرُست اعراب والا لفظ ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | پَہناوا | (ب) | پِہناوا | (ج) | پُہناوا | (د) | پِہناوَا |

**7۔ ''گوالن، سنارن'' مثالیں ہیں:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | مذکر کی | (ب) | مؤنث کی | (ج) | جمع کی | (د) | متشابہ کی |

**8۔ آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا بڑا شہر ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | لاہور | (ب) | کراچی | (ج) | ملتان | (د) | فیصل آباد |

**9۔ پاکستان میں کیا کیا پایا جاتا ہے؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | رنگا رنگ مناظر | (ب) | تفریحی مقامات | (ج) | تاریخی مقامات | (د) | تمام دُرُست |

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 10، 11 اور 12 کے جوابات دیں۔**

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ کوئٹہ، خُضدار، ژوب اور گوادر اس کے مشہور شہر ہیں۔ کوئٹہ صوبے کا صدر مقام بھی ہے۔ اسے ''پھلوں کی وادی'' کہتے ہیں۔ یہاں کے لوگوں کا پَہناوا شلوار قمیص ہے۔ مردوں کی قمیص شلوار خُوب گھیر دار ہوتی ہے، جب کہ عورتوں کے کپڑے، شِیشوں اور خُوب صُورت کڑھائی سے مزیّن ہوتے ہیں۔ ''سجّی'' یہاں کا



مشہور اور ہر دِل عزیز کھانا ہے۔ یہاں کی خُوب صُورت ''ہنہ جھیل'' کو دیکھنے ہر سال بہت سے سیّاح آتے ہیں۔

**10۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | اے وطن! تو سلامت رہے | (ب) | رحمت عالم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم |
| (ج) | ہمارے پیشے | (د) | جو وعدہ کرو سو پورا کرو |

**11۔ بلوچستان کا مشہور اور ہر دِل عزیز کھانا ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | پلہ مچھلی | (ب) | بریانی | (ج) | سجی | (د) | ساگ |

**12۔ ''ہُنہ جھیل'' واقع ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | بلوچستان میں | (ب) | پنجاب میں | (ج) | گلگت بلتستان میں | (د) | سندھ میں |

## حصہ دوم

**(13)**

**سوال نمبر 1: ''حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔** **(7)**

**سوال نمبر 2: کلمہ اور مہمل کی تعریف لکھیں اور مثالیں بھی دیں۔** **(6)**